20 اگست 2018ء

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر نئے نوٹوں کا اجرا

بینک دولت پاکستان نے عید الاضحیٰ 2018ء کے موقع پر کرنسی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر کے ذریعے 185 ارب روپے کے نئے نوٹ جاری کیے، جبکہ گذشتہ برس عید الاضحیٰ پر 168 ارب روپے جاری کیے تھے۔

عوام الناس اور کھاتے داروں میں تقسیم کرنے کی غرض سے جاری کردہ کُل کرنسی نوٹوں میں سے 12 ارب روپے کے کم مالیت کے (100 روپے تک) کرنسی نوٹ کمرشل بینکوں کو جاری کیے گئے جبکہ گذشتہ برس عید الاضحیٰ پر 8 ارب روپے کے نوٹ جاری کیے گئے تھے۔

مزید برآں، عید کی تعطیلات کے دوران اے ٹی ایم میں نوٹوں کی وافر دستیابی کے لیے 200 ارب روپے کے بڑی مالیت کے (500 روپے اور زائد) صاف ستھرے اور عمدہ معیار کے کرنسی نوٹ کمرشل بینکوں کو جاری کیے گئے۔

********